PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ:24جنوری2025ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 26 جنوری 2025ء کو صوبہ بلوچستان میں منعقد ہونے والے ضمنی بلدیاتی الیکشن میں عوام الناس کی سہولت کے لیے الیکشن مانیٹرنگ اینڈ کنٹرول سنٹر(EMCC) قائم کر دیا ہے۔اس سینٹر میں عوام الناس کو ان الیکشن کے حوالے سے رابطہ کرنے اور اپنی شکایات درج کرانے کی سہولت ہو گی۔ شکایات کے بروقت اَزالہ کے لیے فوری طور پر کاروائی کی جائے گی اور اِس مقصد کے لیے سنٹر میں تربیت یافتہ عملہ تعینات کر دیا گیا ہے۔الیکشن کمیشن نے عوام کی شکایات کے اندراج اور ان کے فوری حل کے لیے 4 سطحوں پر کنٹرول سنٹر قائم کئے ہیں جس میں الیکشن کمیشن سیکر ٹیریٹ اسلام آباد کے علاوہ صوبائی،ڈویژن اور ضلعی سطح پر کنٹرول روم قائم کیے گیے ہیں۔ عوام مذکورہ ضمنی بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں شکایات کے اندراج کے لیے ای ایم سی سی (EMCC) سنٹر کے عملہ سے ای میلcomplaints@ecp.gov.pk پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔کمیشن نے عوام کی سہولت کے لیے (EMCC)میں ایک مخصوص ہیلپ لائن کی سہولت بھی دی ہے جس کا رابطہ نمبر051111327000ہے۔کنٹرول سنٹر میں سوشل میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا مانیٹرنگ کی سہولت بھی موجود ہے۔ فیکس نمبر0519204404 کے ذریعے بھی شکایات بھیجی جاسکتی ہیں۔25جنوری تکEMCCمیں صبح8بجے سے شام5بجے تک شکایات جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ جبکہ پولنگ کے دن 26 جنوری کو ای ایم سی سی (EMCC) نتائج کے موصول ہونے تک مسلسل کام کرے گا۔

ترجمان الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING